بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَہٗ

تم میں سب سے بہتر وہ ہے
جو قرآن سیکھے اور اسکو سیکھائے

# جدید تجویدی قاعدہ

نالج قرآن سنٹر

تَعَوُّذ: أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۝

تَسْمِيَة: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

## Lesson No. 1 سبق نمبر 1

## Dot ◆ نقطہ ◆

**(الف)** اس سبق میں نقطوں کے متعلق بتایا گیا ہے اور اس کے اوپر انگلی رکھ کر بچے کو سمجھایا جائے





**(ب)** اس سبق میں نقطوں کے نیچے یا اوپر ہونے کی شناخت کرائیں حرف کے نام کی جگہ نقطوں کا استعمال لکیر کے ساتھ کریں۔



# Lesson No. 2 سبق نمبر 2

## مُفردات

| | | | |
|---|---|---|---|
| Saa ث ثَا | Taa ت تَا | Baa ب بَا | Alif ا اَلِف |
| Dall د دَال | Khaa خ خَا | Haa ح حَا | Jeem ج جِیْم |
| Seen س سِیْن | Zaa ز زَا | Raa ر رَا | Zaal ذ ذَال |
| Tua ط طَا | Zad ض ضَاد | Sad ص صَاد | Sheen ش شِیْن |
| Faa ف فَا | Gain غ غَیْن | Ain ع عَیْن | Zua ظ ظَا |
| Meem م مِیْم | Laam ل لَام | Kaaf ك كَاف | Qaaf ق قَاف |
| Hamza ء هَمْزَه | Haa ه هَا | Waaw و وَاو | Noon ن نُوْن |
| | Yaa ے یَا | Yaa ی یَا | |

# ضروری ہدایات

1 مفردات کے نام اچھی طرح یاد کرائیں۔ پڑھاتے وقت حرفوں کی آواز اور ادائیگی میں فرق بتائیں۔

مثلاً: ت اور ط میں فرق، ك اور ق میں فرق کا ہونا بتایا جائے۔

2 بچوں کو بتائیں کہ موٹے حروف سات ہیں۔

خ ص ض ط ظ غ ق

3 ہونٹوں سے چار حروف یعنی ب، ف، و، م ادا ہوتے ہیں۔

4 نقطے نیچے ہیں یا اوپر اور کتنے ہیں خوب یاد کروائیں۔

5 نرم حروف تین ہیں: ث، ذ، ظ

6 سیٹی والے حروف تین ہیں: ز، س، ص

7 ہم آواز حروف: ت، ط ذ ، ز ، ظ ث، س، ص

ح، ہ ع، ء ق، ك

**نوٹ** بچوں کو تمام مفردات درست مخارج کے ساتھ پڑھائے جائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ج | ث | ت | ب | ا |
| ر | ذ | د | خ | ح |
| ض | ص | ش | س | ز |
| ف | غ | ع | ظ | ط |
| ن | م | ل | ك | ق |
| ے | ی | ء | ه | و |

## Mixed Excercise مخلوط مشق

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ب | ل | ق | ظ | ت | ن | ح | م |
| ط | خ | د | ا | ض | ز | و | س |
| ص | ن | ء | ف | ی | ك | ه | ر |
| ش | ع | ی | م | ث | ب | ذ | ج |
| ط | و | ل | ه | ز | ا | غ | ق |
| | ش | ك | ے | ي | ت | س | |

نالج قرآن سنٹر

# Different Shapes Letters

# حروف کی مختلف شکلیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| ب<br>بـ ـبـ ـب | ت<br>تـ ـتـ ة ـة | ث<br>ثـ ـثـ ـث | ج<br>ـج جـ ـجـ ـج |
| ح<br>ـح حـ ـحـ ـح | خ<br>ـخ خـ ـخـ ـخ | د<br>ـد | ذ<br>ـذ |
| ر<br>ـر ـر | ز<br>ـز ـز | س<br>سـ ـس | ش<br>شـ ـش |
| ص<br>صـ ـصـ | ض<br>ضـ ـضـ | ط<br>طـ ظا | ظ<br>ظـ ظا |
| ع<br>عـ ـعـ ـع | غ<br>غـ ـغـ ـغ | ف<br>فـ ـفـ | ق<br>قـ ـقـ |
| ك<br>كـ ـكـ ـك | ل<br>لـ ـلـ | م<br>مـ ـمـ | ن<br>نـ ـنـ ـن |
| و<br>ـو | ه<br>هـ ـهـ ـه | ء<br>ـء ـء | ی<br>یـ ـیـ |

# Lesson No. 3 سبق نمبر 3

## مرکبات

مِلے جُلے حروف کو مرکبات کہتے ہیں۔

1 مرکب کو ایک ایک کر کے ان کی پہچان کروائیں۔

**مثلاً:** "لا" میں داہیں طرف والا "ل" ہے اور بائیں طرف والا "الف" ہے۔

2 ایک ہی صورت والے حروف کے نقطے ردوبدل کر کے یاد کرائیں۔

**مثلاً:** "ب" کا نقطہ اگر اوپر رکھ دیں کونسا حرف بن جائیگا اور "ت" کے نقطے نیچے لگادیں تو کون سا حرف بنے گا۔ اسطرح "ت" اور "ق" ش اور "ث" میں کیا فرق ہے۔

3 اس سبق میں بھی تلفظ کی ادائیگی کا خاص خیال رکھتے ہوئے معروف یعنی عربی لہجہ میں پڑھیں۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | لا | لا | با | ب | ب | بم | بج | بی |
| ۃ | تۃ | ت | تا | یتل | بکت | بۃ | تۃ | تکت |
| ثہ | ث | ثا | ثی | یثل | بثن | ثثن | ثج | ثح |
| ج | ج | ح | خ | جت | حث | خب | یجب | بخت |
| د | ذ | ر | ر | ز | جد | خذ | یر | تز |
| جر | خز | س | ش | سل | شل | ص | ض | صحب |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تض | نص | بس | یس | بصر | تضر |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لط | لظ | ط | ظ | ظل | طال | حطت |
| ع ء | ع | غ | عح | غخ | بع | بغ |
| بعد | تغد | ف ق | ف | ق | فو | قل |
| يف | يفر | نقر | ك | ک | ک | کب |
| كت | کل | ملك | ل | ل | لح | لج |
| بلب | نبل | يتل | ثثل | م | م | تم |
| نم | ثم | يم | عم | عمد | نر | ن |
| نا | نخ | نى | نبن | تنل | بنن | و |
| ه | به | قو | ه | ه | ته | يه |
| به | بهم | بها | يهب | أؤئ | ا | و |
| ى | سئل | قرى | ي | يے | تخ | تى |
| | | يى | يش | تين | | |

## تنبیہ

اب بچے سے ان دو اسباق کا مکمل ٹیسٹ لیں۔ اسکے بعد قرآن مجید کے حروف کی شناخت کروائیں اگر اٹکے تو اس سبق کو پھر سے خوب یاد کروائیں۔

# Lesson No. 4 سبق نمبر 4

## حرکات

ـَــ زبر　ـِــ زیر　ـُــ پیش

ـَــ زبر ہمیشہ حرف کے اوپر ہوتا ہے۔

ـِــ زیر ہمیشہ حرف کے نیچے ہوتی ہے۔

ـُــ پیش ہمیشہ حرف کے اوپر ہوتا ہے۔

1. حرکات حرکت کی جمع ہے۔ زبر، زیر اور پیش کو حرکات کہتے ہیں۔
2. جس حرف پر کوئی حرکت ہو اُسے متحرک کہتے ہیں۔
3. حرکات کو بغیر کھینچے بغیر جھٹکا دیئے معروف پڑھیں۔
4. "الف" ہمیشہ خالی ہوتا ہے۔ اگر کوئی حرکت یا جزم آجائے تو اسے ہمزہ "اَ" پڑھیں۔
5. "را" پر زبر یا پیش ہو تو "را" کو پُر اور "را" کے نیچے زیر ہو تو "را" کو باریک پڑھیں۔

## ـَــ زبر

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَ | بَ | تَ | ثَ | جَ | حَ | خَ | دَ |
| ذَ | رَ | زَ | سَ | شَ | صَ | ضَ | طَ |
| ظَ | عَ | غَ | فَ | قَ | كَ | لَ | مَ |
| نَ | وَ | ہَ | ءَ | یَ | | | |

## Excercise مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَمَرَ | بَلَغَ | عَبَسَ | ثَمَرَ | جَمَعَ | حَسَدَ |
| خَلَقَ | ذَكَرَ | رَفَعَ | سَرَقَ | صَدَقَ | ضَرَبَ |
| ظَلَمَ | عَدَلَ | قَمَرَ | كَسَبَ | وَجَدَ | |

## ـــِــ زیر

زیر والے حرف کو جلدی پڑھیں ذرا بھی نہ کھینچیں، جھٹکا بالکل نہ دیں معروف پڑھیں مجہول نہ پڑھیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِ | بِ | تِ | ثِ | جِ | حِ | خِ | دِ |
| ذِ | رِ | زِ | سِ | شِ | صِ | ضِ | طِ |
| ظِ | عِ | غِ | فِ | قِ | كِ | لِ | مِ |
| نِ | وِ | هِ | ءِ | يِ | | | |

## Excercise مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِبِلِ | اِرَمَ | اٰذِنَ | بَقِيَ | حَمِدَ | خَشِيَ |
| سَخِرَ | بَلَدِ | كَبِرَ | عَجِبَ | غَضِبَ | بَخِلَ |
| يَئِسَ | كَذِبَ | حَطَبِ | | | |

# ـُـ پیش

ـُـ پیش والے حرف کو جلدی پڑھیں۔ ذرا بھی نہ کھینچیں، جھٹکا بالکل نہ دیں معروف پڑھیں مجہول پڑھنے سے بچیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُ | بُ | تُ | ثُ | جُ | حُ | خُ | دُ |
| ذُ | رُ | زُ | سُ | شُ | صُ | ضُ | طُ |
| ظُ | عُ | غُ | فُ | قُ | كُ | لُ | مُ |
| نُ | وُ | هُ | ءُ | ىُ | | | |

## مشق Excercise

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| جُعِلَ | خُلِقَ | ذُكِرَ | سُئِلَ | لُعِنَ |
| مُنِعَ | وُجِدَ | سُقِطَ | حُشِرَ | صُحُفِ |
| اُذُنِ | رُبُعُ | يَعِدُ | ضُرِبَ | اَعِظُ |
| قُدِرَ | تَزِدُ | يَرِثُ | هُدِىَ | حُبُكِ |
| قُضِىَ | اُفُقِ | وُعِدَ | اُخَرَ | يَضَعُ |

ــَـ زبر    ــِـ زیر    ــُـ پیش

| | | |
|---|---|---|
| اَ اِ اُ | بَ بِ بُ | تَ تِ تُ |
| ثَ ثِ ثُ | جَ جِ جُ | حَ حِ حُ |
| خَ خِ خُ | دَ دِ دُ | ذَ ذِ ذُ |
| رَ رِ رُ | زَ زِ زُ | سَ سِ سُ |
| شَ شِ شُ | صَ صِ صُ | ضَ ضِ ضُ |
| طَ طِ طُ | ظَ ظِ ظُ | عَ عِ عُ |
| غَ غِ غُ | فَ فِ فُ | قَ قِ قُ |
| كَ كِ كُ | لَ لِ لُ | مَ مِ مُ |
| نَ نِ نُ | وَ وِ وُ | هَ هِ هُ |
| ءَ ءِ ءُ | یَ یِ یُ | |

ــَـ زبر    ــِـ زیر    ــُـ پیش

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ | هِیَ | لِمَ | قُدِرَ | وَهَبَ | هُدِیَ | لَبِثَ | كَسَبَ | ضُرِبَ |
| تَبِعَ | سَمِعَ | وَلَدَ | غُفِرَ | اَخَذَ | صَدَقَ | بَخِلَ | وَقَبَ | غَشِیَ |
| رُسُلُ | فَرَضَ | نَسِیَ | عُقِدِ | وَلِیَ | خَلَقَ | وَجَدَكَ | عَدَلَكَ | خَلَقَكَ |

# Lesson No. 5 سبق نمبر 5

## تنوین

دو زبر، دو زیر اور دو پیش کو تنوین کہتے ہیں۔ تنوین میں "غنہ" کرنے کی بھی مشق کروائی جائے گی۔ "غنہ" ناک میں آواز لے جانے کا نام ہے۔

## دو زبر ـًـ کی تنوین

زبر کی تنوین میں کبھی "الف" اور کبھی "یا" لکھا جاتا ہے ہجے کرتے وقت زبر کی تنوین میں "الف" اور "یا" کا نام نہ لیں۔ جیسے با دو زبر "بًا"، دال دو زبر "دًی"۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اً | بًا | تًا | ثًا | جًا | حًا | خًا | دًا |
| ذًا | رًا | زًا | سًا | شًا | صًا | ضًا | طًا |
| ظًا | عًا | غًا | فًا | قًا | كًا | لًا | مًا |
| نًا | وًا | هًا | ءًا | يًا | | | |

## Excercise مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَبَدًا | رَغَدًا | جَنَفًا | مَثَلًا | قَصَصًا | ثَمَنًا |
| عِنَبًا | مَلِكًا | لَعِبًا | اَسِفًا | لَبَنًا | كَذِبًا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| شَطَطًا | كُفُوًا | لُبَدًا | سُرُرًا | هُزُوًا | عَلَقَةً |
| بَقَرَةً | حَسَنَةً | نَخِرَةً | | | |

## دو زیر ــٍــ کی تنوین

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٍ | بٍ | تٍ | ثٍ | جٍ | حٍ | خٍ | دٍ |
| ذٍ | رٍ | زٍ | سٍ | شٍ | صٍ | ضٍ | طٍ |
| ظٍ | عٍ | غٍ | فٍ | قٍ | كٍ | لٍ | مٍ |
| نٍ | وٍ | هٍ | ءٍ | يٍ | | | |

## مشق Excercise

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَمَدٍ | عُنُقٍ | كَبَدٍ | عَلَقٍ | مَسَدٍ | لَهَبٍ |
| سَنَةٍ | نَهَرٍ | شَجَرٍ | كَذِبٍ | خَبَرٍ | غَضَبٍ |
| فُرُشٍ | بِدَمٍ | حَرَجٍ | اُكُلٍ | سَفَرَةٍ | بَرَرَةٍ |
| رَقَبَةٍ | ثَمَرَةٍ | هُمَزَةٍ | لُمَزَةٍ | | |

# دو پیش ـــٌـــ کی تنوین

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٌ | بٌ | تٌ | ثٌ | جٌ | حٌ | خٌ | دٌ |
| ذٌ | رٌ | زٌ | سٌ | شٌ | صٌ | ضٌ | طٌ |
| ظٌ | عٌ | غٌ | فٌ | قٌ | كٌ | لٌ | مٌ |
| نٌ | وٌ | هٌ | ءٌ | ىٌ | | | |

## مشق Excercise

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سُرُرٌ | اُذُنٌ | كُتُبٌ | رُسُلٌ | رَجُلٌ | اَحَدٌ |
| قَسَمٌ | بَشَرٌ | سِنَةٌ | مَرَضٌ | حَرَجٌ | لَعِبٌ |
| حُرُمٌ | وَلَدٌ | غَبَرَةٌ | قَتَرَةٌ | شَجَرَةٌ | بَقَرَةٌ |

# Lesson No. 6 — سبق نمبر 6

## کھڑی حرکات

کھڑی حرکات تین ہیں: کھڑی زبر کھڑی زیر اور الٹا پیش ان کو کھڑی حرکات کہتے ہیں۔

کھڑی "حرکات" کو ایک "الف" کے برابر کھینچ کر پڑھیں گے۔

## کھڑی زبر ـــٰـــ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰ | بٰ | تٰ | ثٰ | جٰ | حٰ | خٰ | دٰ |
| ذٰ | رٰ | زٰ | سٰ | شٰ | صٰ | ضٰ | طٰ |
| ظٰ | عٰ | غٰ | فٰ | قٰ | كٰ | لٰ | مٰ |
| نٰ | وٰ | ہٰ | ءٰ | یٰ | | | |

## Excercise — مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اٰلَ | اٰدَمَ | اٰمَنَ | ذٰلِكَ | اٰثَرَ | اٰخَرَ |
| سَلٰمٌ | حَلٰلًا | مَاٰبًا | كِتٰبٌ | مِهٰدًا | اِلٰهَ |
| اٰيٰتِ | اٰثٰرِ | خٰلٰتِكَ | رِسٰلٰتِ | كَلِمٰتِ | قٰنِتٰتٌ |
| حٰفِظٰتٌ | سَمٰوٰتٍ | كٰشِفٰتُ | | | |

## کھڑی زیر ـٖ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٖ | بٖ | تٖ | ثٖ | جٖ | حٖ | خٖ | دٖ | ذٖ | رٖ |
| زٖ | سٖ | شٖ | صٖ | ضٖ | طٖ | ظٖ | عٖ | غٖ | فٖ |
| قٖ | كٖ | لٖ | مٖ | نٖ | وٖ | هٖ | ءٖ | يٖ | |

## Excercise مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰفِ | هٰذِهٖ | اٰيٰتِهٖ | بِيَدِهٖ | صَاحِبَتِهٖ | كُتُبِهٖ |
| اِمَامِهٖ | عِظَامِهٖ | قَوْمِهٖ | خِلٰلِهٖ | بِكَلِمٰتِهٖ | مُلْكِهٖ |
| بِعِلْمِهٖ | لِنُوْرِهٖ | يُحْيٖ | بِمُزَحْزِحِهٖ | | |

## الٹا پیش ـٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٗ | بٗ | تٗ | ثٗ | جٗ | حٗ | خٗ | دٗ | ذٗ | رٗ |
| زٗ | سٗ | شٗ | صٗ | ضٗ | طٗ | ظٗ | عٗ | غٗ | فٗ |
| قٗ | كٗ | لٗ | مٗ | نٗ | وٗ | هٗ | ءٗ | یٗ | |

## Excercise مشق

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَرَهٗ | مَالُهٗ | وَرِثَهٗ | حَوْلَهٗ | وُرِیَ | كِتٰبَهٗ | لَهٗ |
| رُسُلُهٗ | فَلَهٗ | كَلِمٰتُهٗ | تَرَكَهٗ | مَعَهٗ | خَلَقَهٗ | شَفَاعَتُهٗ |

# Lesson No. 7 سبق نمبر 7

## جزم ـُ

ـُ اس علامت کو جزم کہتے ہیں جس حرف پر جزم ہو اسے ساکن کہتے ہیں۔ جزم والا حرف پہلے اپنے متحرک حرف سے مل کر پڑھا جاتا ہے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَبْ | اِبْ | اُبْ | اَتْ | اِتْ | اُتْ |
| اَثْ | اِثْ | اُثْ | اَجْ | اِجْ | اُجْ |
| اَحْ | اِحْ | اُحْ | اَخْ | اِخْ | اُخْ |
| اَدْ | اِدْ | اُدْ | اَرْ | اِرْ | اُرْ |
| اَسْ | اِسْ | اُسْ | اَشْ | اِشْ | اُشْ |
| اَصْ | اِصْ | اُصْ | اَعْ | اِعْ | اُعْ |
| اَفْ | اِفْ | اُفْ | اَقْ | اِقْ | اُقْ |
| اَلْ | اِلْ | اُلْ | اَمْ | اِمْ | اُمْ |
| اَنْ | اِنْ | اُنْ | اَہْ | اِہْ | اُہْ |
| اَءْ | اِءْ | اُءْ | اَیْ | اِیْ | یا ساکن سے پہلے پیش نہیں آتا |

## مشق — Excercise

**نوٹ** بچوں کو ہجے کے ساتھ رواں بھی پڑھایا جائے کیونکہ بچے کا ٹیسٹ رواں کے مطابق ہوگا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَمَرَ | اَنۡتَ | اَلۡحَمۡدُ | سِتۡرَ |
| نَعۡبُدُ | لَئِنۡ | عَيۡبُ | كَسَبَتۡ |
| طَلَعَتۡ | نَشۡرَحۡ | نَقۡرَءُ | اَحۡمَدَ |
| اَظۡلَمَ | صَدۡرَكَ | يَرۡفَعُ | اِجۡلِسۡ |
| اُنۡصُرۡ | يَضۡرِبُ | مِنۡهُمۡ | اَنۡتُمۡ |
| يَذۡكُرُ | يَفۡهَمُ | اَرۡسَلَتۡ | زَجۡرَةٌ |
| نُطۡفَةٍ | اُخۡرٰى | اَعۡمَالَهُمۡ | اَعۡمَالَكُمۡ |
| زَوۡجًا | يَقُوۡمِ | لَوۡحٍ | مَوۡتِهَا |
| نَوۡمٌ | بَرۡدًا | قَوۡلٌ | يَسۡتَغۡفِرُ |
| لَكُمۡ | يُمۡدِدۡكُمۡ | وَزِنُوۡا | اَجۡعَلُ |
| بَيۡنَكُمۡ | وَبَيۡنَهُمۡ | يُوَسۡوِسُ | ثَقُلَتۡ |
| سُطِحَتۡ | كُشِطَتۡ | نُشِرَتۡ | اَثَرۡنَ |
| يَعۡلَمُوۡنَ | يَضۡحَكُوۡنَ | يَنۡظُرُوۡنَ | مُسۡفِرَةٌ |
| مَسۡغَبَةٍ | مَّخۡتُوۡمٍ | اَشۡتَاتًا | اِطۡعَمۡ |
| قُرۡاٰنٌ | وَالۡعَصۡرِ | مِنَ الۡمُعۡصِرٰتِ | مَعَ الۡعُسۡرِ |

# Lesson No. 8 سبق نمبر 8

## حروف مدّہ

1 حرف مدّہ تین ہیں "الف، واو، یا"

الف سے پہلے زبر ہوتو الف مدّہ ہوگا۔ جیسے "بَا" "واو" سے پہلے پیش ہوتو واو مدّہ ہوگا۔

جیسے "بُوْ" یا ساکن "یْ" سے پہلے زیر ہوتو یا مدّہ ہوگا۔

2 حروف مدّہ کو ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھیں۔

3 ہجے اس طرح کریں۔ بَا = بَا آلِف زبر بَا، بُوْ = بَا وَاو پیش بُوْ، بِیْ = بَا یَا زیر بِیْ = بَا، بُوْ، بِیْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَا | بُوْا | بِیْ | تَا | تُوْ | تِیْ | ثَا | ثُوْ | ثِیْ |
| جَا | جُوْ | جِیْ | حَا | حُوْ | حِیْ | دَا | دُوْ | دِیْ |
| ذَا | ذُوْ | ذِیْ | رَا | رُوْ | رِیْ | زَا | زُوْ | زِیْ |
| سَا | سُوْ | سِیْ | شَا | شُوْ | شِیْ | صَا | صُوْ | صِیْ |
| ضَا | ضُوْ | ضِیْ | طَا | طُوْا | طِیْ | ظَا | ظُوْ | ظِیْ |
| عَا | عُوْا | عِیْ | غَا | غُوْ | غِیْ | قَا | قُوْا | قِیْ |
| کَا | کُوْا | کِیْ | لَا | لُوْ | لِیْ | مَا | مُوْا | مِیْ |
| نَا | نُوْ | نِیْ | وَا | وُوْ | وِیْ | هَا | هُوْ | هِیْ |
| یَا | یُوْا | یِیْ | اَ | اُوْ | اِیْ | | | |

# Lesson No. 9 سبق نمبر 9

## حروف لین

حرف لین دو ہیں "واؤ" اور "یا"

واوساکن سے پہلے زبر ہوتو واولین ہوگا جیسے بَوْ ،جَوْ ،تَوْ یاساکن سے پہلے زبر ہوتو یالین ہوگا۔ جیسے بَیْ ،جَیْ ،تَیْ حروف لین کو بغیر کھینچے بغیر جھٹکا دیئے نرمی سے معروف پڑھیں۔ ہجے اس طرح کریں بَوْ=باواو زبر بَوْ ،بَیْ=بایا زبر بَیْ=بَوْ ،بَیْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَوْ | بَیْ | تَوْ | تَیْ | ثَوْ | ثَیْ |
| جَوْ | جَیْ | حَوْ | حَیْ | خَوْ | خَیْ |
| دَوْ | دَیْ | ذَوْ | ذَیْ | رَوْ | رَیْ |
| زَوْ | زَیْ | سَوْ | سَیْ | شَوْ | شَیْ |
| صَوْ | صَیْ | ضَوْ | ضَیْ | طَوْ | طَیْ |
| ظَوْ | ظَیْ | عَوْ | عَیْ | غَوْ | غَیْ |
| فَوْ | فَیْ | قَوْ | قَیْ | کَوْ | کَیْ |
| لَوْ | لَیْ | مَوْ | مَیْ | نَوْ | نَیْ |
| وَوْ | وَیْ | ھَوْ | ھَیْ | اَوْ | اَیْ |
| | | یَوْ | یَیْ | | |

# Lesson No. 10 سبق نمبر 10

## مشترکہ / جائزہ

اس سبق میں پچھلے تمام اسباق، مفردات، مرکبات، حرکات، تنوین، جزم، حروف مدہ، حروف لین، کھڑی، حرکات سب شامل ہیں۔ اس سبق میں بچے کی ذہنی آزمائش کرلیں کہ آیا بچے نے پچھلے تمام اسباق تجویدی قواعد کے ساتھ سمجھیں ہیں کہ نہیں اگر بچہ کسی بھی سبق میں کمزور ہے تو بجائے آگے چلانے کے بچے کو اس سبق کی دہرائی کروائی جائے۔ یہاں ہم کچھ سوالات کا تذکرہ کرتے ہیں جو پچھلے اسباق کے متعلق ہیں۔

**سوال** مفردات کسے کہتے ہیں؟

**جواب** حروف تہجی کو ہی حروف مفردات کہتے ہیں اور ان کو الگ الگ پڑھا جائے گا۔

**سوال** سات موٹے حروف کون کون سے ہیں؟

**جواب** خ، ص، ض، ط، ظ، غ، ق

**سوال** مرکبات کسے کہتے ہیں؟

**جواب** ملے جُلے حروف کو مرکبات کہتے ہیں۔

**سوال** حرکات کسے کہتے ہیں۔

**جواب** زبر، زیر اور پیش کو حرکات کہتے ہیں۔

**سوال** حرکات کو کس طرح پڑھیں گے۔

**جواب** حرکات کو بغیر کھینچے بغیر جھٹکا دیئے معروف پڑھا جاتا ہے۔

**سوال** تنوین کسے کہتے ہیں؟

**جواب** دو زبر، دو زیر اور دو پیش کو تنوین کہتے ہیں۔

**سوال** غنّہ کسے کہتے ہیں۔

**جواب** ایک الف کی مقدار ناک میں آواز لے جانے کو غنّہ کہتے ہیں۔

**سوال** کھڑی حرکات کسے کہتے ہیں۔

**جواب** کھڑی زبر، کھڑی زیر اور الٹا پیش کو کھڑی حرکات کہتے ہیں۔

**سوال** کھڑی حرکات کو کیسے پڑھتے ہیں؟

**جواب** کھڑی حرکات کو حروف مدہ کی طرح ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھتے ہیں۔

**سوال** حروف مدہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟

**جواب** حروف مدہ تین الف مدہ، واو مدہ اور یا مدہ۔

**سوال** حروف لین کتنے ہیں؟

**جواب** حروف لین دو ہیں "واو اور یا"۔

**سوال** حروف لین کو کس طرح پڑھتے ہیں۔

**جواب** حروف لین کو بغیر کھینچے، بغیر جھٹکا دیئے اور نرمی سے معروف پڑھتے ہیں۔

## Excercise مشق

| | | | |
|---|---|---|---|
| قَالَ | صِرَاطَ | اٰمَنَ | هٰذَا |
| اُوْىٓ | اِلْفِ | اَيْنَ | قَوْلٌ |
| حَوْلٍ | جُوْعٍ | خَيْرٌ | وُجُوْهٌ |
| حُوْرٌ | رَضُوْا | مٰلِكِ | عَذَابًا |
| مَتَاعًا | طَغٰى | شَكُوْرًا | غَفُوْرًا |
| دَاوٗدَ | خَوْفٍ | يَوْمٍ | قِيْلَ |
| حِيْلَ | رُسُلِهٖ | رَسُوْلِهٖ | اِلَيْهِ |
| عَلَيْهِ | صَوَابًا | مَاٰبًا | زَكٰوةً |
| رَسُوْلٍ | مَحْفُوْظٍ | خِتٰمُهٗ | لَوْحٍ |
| دِيْنٌ | بَشِيْرٌ | قَوْمِهٖ | هَدٰينَا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| بَيْنَنَا | رَاكِعُوْنَ | عِيْسٰى | مُوْسٰى |
| مِيْقَاتًا | شَيْءٍ | شَيْئًا | تُرَابًا |
| حِسَابًا | سُبَاتًا | مُطَاعٍ | مَعَاشًا |
| مَفَازًا | مِهٰدًا | وِفَاقًا | ثُبُوْرًا |
| شُهُوْدٌ | قُعُوْدٌ | اَثِيْمٍ | اَلِيْمٍ |
| بَصِيْرًا | خَبِيْرًا | يَوْمَئِذٍ | مَوْعِدُهٗ |
| اَرَءَيْتَ | اَفَرَءَيْتَ | رَحِيْقٍ | شَهِيْدٌ |
| عَظِيْمٍ | مُحِيْطٌ | نَعِيْمٍ | يَتِيْمًا |
| يَسِيْرًا | رُوَيْدًا | قُرَيْشٍ | بِاٰيٰتِنَا |
| اُوْذِيْنَا | اُوْتِيْنَا | اَوْحَيْنَا | تُدِيْرُوْنَهَا |
| عِيْشَةٍ | اَلْمَوْءٗدَةُ | مَوْضُوْعَةٌ | مَوَازِيْنُهٗ |

## جائزہ — Overview

| | | | |
|---|---|---|---|
| خُلِقَ | جَعَلَ | سُئِلَ | بِيَدِكَ |
| طَبَقٍ | بَرَرَةٍ | شَجَرَةٌ | صُحُفًا |
| وُجُوْهٌ | مٰلِكِ | دَاوٗدُ | خِتٰمُهٗ |
| صَوَابًا | مَتَاعًا | دِيْنٌ | ثُبُوْرًا |
| رَحِيْقٍ | بِاٰيٰتِنَا | مَوَازِيْنُهٗ | تُدِيْرُوْنَهَا |

نالج قرآن سنٹر

# Lesson No. 11 سبق نمبر 11

**نوٹ** بچوں کو ہجے کے ساتھ رواں بھی پڑھایا جائے کیونکہ بچے کا ٹیسٹ رواں کے مطابق ہوگا۔

## ہمزہ ساکنہ / قلقلہ

ہمزہ ساکنہ کو جھٹکے کے ساتھ پڑھیں گے ہمزہ کبھی الف، کبھی واو اور کبھی یا کے اوپر آتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تَأْتُوْنَ | كَأْسًا | رَأْيِ | مُؤْصَدَةٌ |
| جِئْتَ | شَأْنٌ | يَشَأْ | مُؤْمِنِيْنَ |
| | مُؤْمِنُوْنَ | يُؤْمِنُوْنَ | |

## حروف قلقلہ

حروف قلقلہ پانچ ہیں ق، ط، ب، ج، د "قُطْبُ جَدٍّ" جن کا مجموعہ ہے جب ان حروف پر جزم ہو تو پڑھتے وقت ان کی آواز گیند کی طرح واپس لوٹے گی۔ اسکو "قلقلہ" کہتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| نَقْعًا | اِقْرَأْ | اُقْسِمُ | بَطْشَ |
| نُطْفَةٍ | اِطْعَامٌ | وَسَطْنَ | اَبْقٰى |
| فَارْغَبْ | فَانْصَبْ | اَبْوَابًا | زَجْرَةٌ |
| قَدْحًا | كَدْحًا | عَدْنٍ | يَدْعُوْا |
| يَدْخُلُوْنَ | صُبْحًا | اَبْوَابًا | يُقْرِضُ |
| تَجْرِيْ | مُدْهِنُوْنَ | فَافْرُقْ | يَسْتَبْدِلُ |

# Lesson No. 12 سبق نمبر 12

## ”ر“ کے قائدے / سکتہ

1 ”را“ پر زبر، پیش، یا دو زبر، دو پیش ہوں تو ”را“ پُر یعنی موٹی پڑھی جائے گی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِصۡرَ | اَنۡشَرَ | يَشۡرَبُ | حُشِرَتۡ |
| فَرَغۡتَ | رَفَعۡنَا | عِبۡرَةٌ | زَجۡرَةٌ |
| كَالۡفَرَاشِ الۡمَبۡثُوۡثِ | | مَسۡرُوۡرًا | خَيۡرٌ |
| يَسِيۡرٌ | اَعۡطَيۡنٰكَ الۡكَوۡثَرَ | | |

2 ”را“ کے نیچے زیر یا دو زیر ہوں تو ”را“ باریک ہوگی

| | | | |
|---|---|---|---|
| قِطۡرٍ | تَعۡرِفُ | وَالۡعَصۡرِ | مَعَ الۡعُسۡرِ |
| تَجۡرِيۡ | عَشۡرٍ | مَاالۡقَارِعَةُ | لَيۡلَةُ الۡقَدۡرِ |
| رِجَالٌ | شَهۡرٍ | فَجۡرٍ | قَدۡرٍ |

3 ”را ساکن“ سے پہلے اگر زبر یا پیش ہو تو ”را“ پُر (موٹی) ہوگی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَثَرۡنَ | بَرۡدًا | فَارۡغَبۡ | تَرۡهَقُ |
| اَنۡذَرۡنَا | قُرۡاٰنٌ | اَخۡرَجَتِ الۡاَرۡضُ | |
| ذُوالۡعَرۡشِ الۡمَجِيۡدُ | | | |

4 "راساکن" سے پہلے اگر زیر ہو تو "را" باریک ہوگی۔

| | |
|---|---|
| مِرْيَةٍ | فَاصْبِرْ |

5 "راساکن" کے بعد اگر موٹے حروف (خ، ص، ض، ط، ظ، غ، ق) میں سے کوئی حرف اسی کلمے میں آجائے تو "را" موٹی ہوگی۔

| | | |
|---|---|---|
| قِرْطَاسٍ | فِرْقَةٍ | مِرْصَادٍ |

6 "راساکن" سے پہلے زیر دوسرے کلمے میں ہو تو "را" پُر یعنی موٹی ہوگی۔

| | |
|---|---|
| مَنِ ارْتَضٰى | رَبِّ ارْجِعُوْنِ |

## سکتہ

آواز بند کر کے سانس توڑے بغیر تھوڑی دیر ٹھہرنا "سکتہ" کہلاتا ہے۔ یعنی آواز رک جائے اور سانس جاری رہے۔ اور یہ سکتہ قرآن مجید میں صرف چار جگہ پر ہے۔

**حکم:** درج ذیل چار جملوں پر سکتہ واجب ہے۔

| | |
|---|---|
| سورۃ الکھف: پارہ نمبر:۱۵، آیت نمبر:۱ | عِوَجًا سکتہ قَيِّمًا |
| سورۃ یٰسین: پارہ نمبر:۲۳، آیت نمبر:۵۲ | مِنْ مَّرْقَدِنَا سکتہ هٰذَا |
| سورۃ القیٰمہ: پارہ نمبر:۲۹، آیت نمبر:۲۷ | وَقِيْلَ مَنْ سکتہ رَاقٍ |
| سورۃ المطففین: پارہ نمبر:۳۰، آیت نمبر:۱۴ | كَلَّا بَلْ سکتہ رَانَ |

# Lesson No. 13 سبق نمبر 13

## تشدید اور غنّہ

1 تین دندان "ّ" والی شکل کو تشدید کہتے ہیں جس حرف پر تشدید ہو اُسے مشدَّد کہتے ہیں۔

2 مشدد حرف دو بار پڑھا جاتا ہے۔ ایک مرتبہ اپنے سے پہلے والے متحرک لفظ کے ساتھ ملا کر اور دوسری مرتبہ خود اپنی حرکت کے ساتھ جیسے ہمزہ باز بر "اَبْ" باز بر بَ "اَبَّ"۔

3 ایک الف کے برابر ناک میں آواز لے جانے کو "غنّہ" کہتے ہیں۔ نون اور میم پر تشدید ہو تو ہمیشہ "غنّہ" ہوتا ہے۔

4 جب حروف قلقلہ مشدّد ہوں تو انہیں جماؤ کے ساتھ ادا کریں۔

5 پہلا حرف متحرک دوسرا ساکن اور تیسرا مشدّد ہو تو اکثر ساکن حرف کو چھوڑ دیں گے اور متحرک حرف کو مشدّد حرف سے ملا کر پڑھیں گے جیسے عَبَدْتُّمْ کو عَبَتُّمْ پڑھیں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| اَبَّ اِبَّ اُبَّ | اَتَّ اِتَّ اُتَّ | اَثَّ اِثَّ اُثَّ |
| اَجَّ اِجَّ اُجَّ | اَحَّ اِحَّ اُحَّ | اَخَّ اِخَّ اُخَّ |
| اَدَّ اِدَّ اُدَّ | اَذَّ اِذَّ اُذَّ | اَزَّ اِزَّ اُزَّ |
| اَسَّ اِسَّ اُسَّ | اَشَّ اِشَّ اُشَّ | اَصَّ اِصَّ اُصَّ |
| اَضَّ اِضَّ اُضَّ | اَطَّ اِطَّ اُطَّ | اَظَّ اِظَّ اُظَّ |
| اَعَّ اِعَّ اُعَّ | اَغَّ اِغَّ اُغَّ | اَفَّ اِفَّ اُفَّ |
| اَقَّ اِقَّ اُقَّ | اَكَّ اِكَّ اُكَّ | اَلَّ اِلَّ اُلَّ |
| اَمَّ اِمَّ اُمَّ | اَنَّ اِنَّ اُنَّ | اَوَّ اِوَّ اُوَّ |
| اَهَّ اِهَّ اُهَّ | اَءَّ اِءَّ اُءَّ | اَیَّ اِیَّ اُیَّ |

# مشق Excercise

**نوٹ** بچوں کو ہجے کے ساتھ رواں بھی پڑھایا جائے کیونکہ بچے کا ٹیسٹ رواں کے مطابق ہوگا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِنَّا | ثُمَّ | وَلَمَّا | صَدَّقَ |
| عَدَّدَ | قَدَّرَ | كَذَّبَ | يَحُضُّ |
| قُوَّةٍ | سُعِّرَتْ | قَدَّمَتْ | كَذَّبَتْ |
| زُوِّجَتْ | سُجِّرَتْ | فُجِّرَتْ | عَلَيْهِنَّ |
| عُطِّلَتْ | كُوِّرَتْ | وَالشَّمْسِ | وَالصّٰلِحِيْنَ |
| وَالطُّوْرِ | وَالطَّيْرِ | اَلطَّلَاقُ | وَالظَّاهِرُ |
| مُمَدَّدَةٍ | وَالضُّحٰى | مُكَرَّمَةٍ | وَالسَّمَآءِ |
| وَالنّٰشِطٰتِ | وَالنَّجْمِ | مُزَّمِّلُ | مُدَّثِّرُ |
| عَلَى النَّبِيِّ | يَسَّمَّعُوْنَ | عِلِّيُّوْنَ | مِنَ الطَّيِّبٰتِ |
| شَرِّ النَّفّٰثٰتِ | نَخْلُقْكُّمْ | قَدْ تَّبَيَّنَ | عَبَدْتُّمْ |
| اَيْدِيْهِنَّ | لَا تَاْمَنَّا | اِذْ ذَّهَبَ | اِذْ ظَّلَمُوْا |
| قَدْ دَّخَلُوْا | فَالْمُدَبِّرٰتِ | يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ | رَبُّ السَّمٰوٰتِ |
| وَالنّٰزِعٰتِ | اِنَّ الَّذِيْنَ | اِنَّ الْجَنَّةَ | فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ |
| اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ | بِالْخُنَّسِ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ | | |

# Lesson No. 14 سبق نمبر 14

## نون ساکن اور تنوین کے قاعدے

نون ساکن اور تنوین کے چار قاعدے درج ذیل ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 اظہار | 2 اخفاء | 3 اقلاب | 4 ادغام |

## اظہار

نون ساکن یا تنوین کے بعد حروف حلقی کے چھ حروف "ء، ہ، ع، ح، غ، خ" میں سے کوئی حروف آئے تو نون ساکن اور تنوین کی آواز کو غنّہ کیے بغیر جلدی پڑھیں گے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَنْ اٰمَنَ | مِنْ هَادٍ | مِنْ عَلَقٍ | وَانْحَرْ |
| مِنْ غَيْرِهٖ | مِنْ خِلَافٍ | مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ | عَذَابًا اَلِيْمًا |
| | نَارٌ حَامِيَةٌ | نَخْلٍ خَاوِيَةٍ | |

## اخفاء

نون ساکن یا تنوین کے بعد اخفا کے پندرہ حروف "ت، ث، ج، د، ذ، ز، س، ش، ص، ض، ط، ظ، ف، ق، ك" میں سے کوئی حرف آئے تو نون ساکن یا تنوین کی آواز ناک میں چھپا کر غنّہ کر کے پڑھیں گے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتُ | اُنْثٰى | حُبًّا جَمًّا | اَنْذِرْ | اَنْزَلْنَا | اَنْشَرَ |
| يَنْظُرُ الْمَرْءُ | اَنْقَضَ | تُنْصَرُوْنَ | عَنْ سَبِيْلِهٖ | مَنْ طَغٰى | |
| عِنْدَ ذِى الْعَرْشِ | كِرَامًا كَاتِبِيْنَ | كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ | | | |

## اقلاب

نون ساکن یا تنوین کے بعد "ب" آئے تو نون ساکن یا تنوین کو میم سے بدل کر غنّہ کے ساتھ پڑھیں گے اسکو اقلاب کہتے ہیں۔

اقلاب کے ہجے اس طرح کریں جیسے: مِنْۢ بَعْدِ = مِیْمْ، نُوْنْ زیر مِنْ، باعَیْنْ زبر بَعْ = مِنْۢ بَعْ، دَآلْ زیر دِ = مِنْۢ بَعْدِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَنْۢ بَخِلَ | لَیُنْۢبَذَنَّ | مِنْۢ بَعْدِ | بِاَنْۢبِئِهِمْ |
| خَبِیْرًاۢ بَصِیْرًا | مِنْۢ بَیْنِ الصُّلْبِ | لَنَسْفَعًاۢ بِالنَّاصِیَةِ | |

## ادغام یَرْمَلُوْن

نون ساکن یا تنوین کے بعد حروف یرملون میں سے کوئی آجائے تو ادغام ہوگا۔ "را اور لام" میں بغیر غنّہ کے اور باقی چار حروف میں غنّہ کے ساتھ۔ حروف یَرْمَلُوْن چھ "6" ہیں۔

" ی ، ر ، م ، ل ، و ، ن "

## ادغام بِلا غنّہ

نون ساکن یا تنوین کے بعد "ر" یا "ل" آئے تو بغیر غنّہ کے پڑھیں گے ملا کر:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ادغام "ر" | مِنْ رَّبِّكَ | رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ | عِیْشَةٍ رَّاضِیَةٍ |
| ادغام "ل" | مِنْ لَّدُنْهُ | فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ | صَفًّا لَّا یَتَكَلَّمُوْنَ |

## ادغام مع الغنّہ

نون ساکن یا تنوین کے بعد حرف یَرْمَلُوْنَ کے ان چار حروف (ی، ن، م، و) میں سے کوئی ایک حرف اگر دوسرے کلمے میں آئے تو نون ساکن یا تنوین کو غنّہ کے ساتھ ملا کر پڑھیں گے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ادغام "ی" | فَمَنْ يَّعْمَلْ | خَيْرًا يَّرَهٗ○ | شَرًّا يَّرَهٗ○ | مِيْقَاتًا يَّوْمَ |
| ادغام "ن" | مِنْ نَّصِيْرٍ | اَنْ نَّمُنَّ | سُلْطَانًا نَّصِيْرًا | |
| ادغام "م" | مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ | خَيْرٌ مِّنْهُ | | |
| ادغام "و" | مِنْ وَّالٍ | قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ | سِرَاجًا وَّهَّاجًا | |

**نوٹ:** نون ساکن یا تنوین کے بعد (ی، و) میں سے کوئی ایک حرف اسی کلمے میں آجائے تو پھر ادغام نہیں ہوگا غنّہ کے بغیر اس کو ظاہر کر کے پڑھیں گے قرآن کریم میں اس قاعدے کے یہی چار کلمات ہیں: دُنْيَا، قِنْوَانٌ، صِنْوَانٌ، بُنْيَانٌ

## مشق Excercise

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنْ عَلَقٍ | وَانْحَرْ | اَنْقَضَ | تُنْصَرُوْنَ | مِنْ بَقْلِهَا |
| مَنْ يَّقُوْلُ | مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ | حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ | | |
| مِنْ يَّوْمٍ | مِنْ مَّشْهَدٍ | مِنْ مِّثْلِهٖ | مِنْ نَّصِيْرٍ | |
| مِنْ نُّطْفَةٍ | كِرَامٍ بَرَرَةٍ | مِنْ رَّبِّهِمْ | مِنْ لَّدُنْهُ | |
| يَكُنْ لَّهٗ | رَجُلٌ يَّسْعٰى | قَوْلًا بَلِيْغًا | خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ | |
| وَيْلٌ لِّكُلِّ | بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ | سِرَاجًا مُّنِيْرًا | هُدًى وَّذِكْرٰى | |

# Lesson No. 15 سبق نمبر 15

## میم ساکن کے قاعدے

میم ساکن کے تین قاعدے ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| 1 ادغام شفوی | 2 اخفائے شفوی | 3 اظہار شفوی |

## ادغام شفوی

میم ساکن کے بعد "میم" آئے تو میم کو دوسرے میم سے ملا کر غنّہ کے ساتھ پڑھیں گے۔

| | |
|---|---|
| لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ | اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ |

## اخفائے شفوی

میم ساکن کے بعد "با" آئے تو میم ساکن کو غنّہ کے ساتھ پڑھیں گے۔

| | |
|---|---|
| اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ | تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ |

## اظہار شفوی

میم ساکن کے بعد "با" اور "میم" کے علاوہ کوئی اور حرف آئے تو میم ساکن کو ظاہر کر کے بغیر غنّہ کے جلدی پڑھیں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| اَنْعَمْتُ | هُمْ فِيْهَا | لَكُمْ دِيْنُكُمْ |

## مشق Excercise

| | | | |
|---|---|---|---|
| كُنْتُمْ بِهٖ | وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ | وَاَمْطَرْنَا | تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ |
| اَنْتُمْ مُّظْلِمُوْنَ | وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ | عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ | اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ |
| وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ | ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ | فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ | بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ |

# Lesson No. 16 سبق نمبر 16

## "نونِ قُطنی" اور لفظ "اللّٰہ" کے لام کے قاعدے

1 قرآن کریم میں بعض جگہوں پر الف کے نیچے چھوٹا سا نون لکھا جاتا ہے اور اس نون کے نیچے ہمیشہ زیر ہوتی ہے اس چھوٹے نون کو "نون قطنی" کہتے ہیں اس کو ملا کر پڑھیں گے۔

جیسے: لُمَزَةِۨ الَّذِىْ

2 ہاں اگر پہلے کلمے کے آخری حرف پر وقف کریں، اور دونوں کلموں کو ملا کر نہ پڑھیں تو اس وقت نون قطنی نہیں پڑھا جائے گا۔

جیسے: لُمَزَةْ اَلَّذِىْ

نوٹ: اب درجہ ذیل مشق میں بچوں کو دونوں کلموں کو ملا کر پڑھنے اور پہلے کلمے میں وقف کرنے کی صورت میں پڑھنے کی خوب مشق کروائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| خَيْرَاۨ الْوَصِيَّةُ | شِيْئًاۨ السَّمَآءُ | مُبِيْنِ ۨاقْتُلُوْا | قَدِيْرُ ۨالَّذِىْ |
| خَيْرًا اَلْوَصِيَّةُ | شِيْئًا اَلسَّمَآءُ | مُبِيْنٌ اُقْتُلُوْا | قَدِيْرٌ اَلَّذِىْ |

## "اللّٰہ" کے لام کے قاعدے

لفظ "اللّٰہ" اور "اَللّٰهُمَّ" کے لام سے پہلے زبر یا پیش ہو تو لفظ "اللّٰہ" اور "اَللّٰهُمَّ" کا لام پُر پڑھا جائے گا۔

جیسے: هُوَ اللّٰهُ — رَسُوْلُ اللّٰهِ

لفظ "اللّٰہ" اور "اَللّٰهُمَّ" کے لام سے پہلے زیر ہو تو لفظ "اللّٰہ" کا لام باریک پڑھا جائے گا۔

جیسے: بِسْمِ اللّٰهِ — قُلِ اللّٰهُمَّ

# Lesson No. 17 سبق نمبر 17

## مدات کا بیان

مد کے معنٰی دراز کرنا اور کھینچنا ہے مد کے دو سبب ہیں:

1 ہمزہ ء

2 سکون ْ

مد کی چھ اقسام ہیں:

1 مدِّ مُتَّصِل
2 مدِّ مُنفَصِل
3 مدِّ لازِم
4 مدِّ لین لازم
5 مدِّ عارِض
6 مدِّ لین عارض

### 1 مدِّ مُتَّصِل

حروف مدہ کے بعد ہمزہ اسی کلمے میں ہو تو مد متصل ہوگا۔

جیسے جَآءَ

### 2 مدِّ مُنفَصِل

حروف مدہ کے بعد ہمزہ دوسرے کلمے میں ہو تو مد مُنفصل ہوگا

جیسے فِيٓ اَنفُسِكُم

حکم مد متصل اور مد منفصل کو "دو اڑھائی الف" یعنی چار یا پانچ حرکات کی مقدار تک کھینچ کر پڑھیں۔

### 3 مدِّ لازِم

حروف مدہ کے بعد سکون اصلی (ْ، ّ) ہو تو مد لازم ہوگا۔

جیسے جَآنَّ

## 4 مدِّ لین لازم

حروف لین کے بعد سکون اصلی (ْ) ہو تو مد لین لازم ہوگا۔

**جیسے** عَیْٓنْ

**حکم** مد لازم اور مد لین لازم کو "تین الف" یعنی "چھ حرکات" کی مقدار تک کھینچ کر پڑھیں۔

## 5 مد عارض

حروف مدہ کے بعد عارضی سکون ہو یعنی وقف کی وجہ سے کوئی حرف ساکن ہو جائے تو مد عارض ہوگا۔

**جیسے** مُسْلِمُوْنْ

## 6 مدِ لین عارض

حروف لین کے بعد عارضی سکون ہو یعنی وقف کی وجہ سے کوئی حرف ساکن ہو جائے تو مد لین عارض ہوگا۔ **جیسے** شَفَتَیْٓنْ

**حکم** مد عارض اور مد لین عارض کو ایک دو یا تین الف "یعنی دو، چار یا چھ حرکات" کی مقدار تک کھینچ کر پڑھیں۔

**نوٹ** بچوں کو ہجے کے ساتھ رواں بھی پڑھایا جائے کیونکہ بچے کا ٹیسٹ رواں کے مطابق ہوگا۔

## مدات کی مشق

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَ | ضَآلًّا | جِآئَ | وَالّٰٓـِٔیْ | سِیْٓـَٔتْ | حَدَآئِقَ | قُرُوْٓءٍ |
| بِمَآ اُنْزِلَ | هٰٓؤُلَآءِ | دَآبَّةٍ | اِلَیْنَا | اِیَابَهُمْ | كَآفَّةً | یُحَآدُّوْنَ |
| وَلَا جَآنٌّ | آٰلْئٰنَ | اُولٰٓـئِكَ | یَتَسَآءَلُوْنَ | اَنْ یَّتَمَآسَّا | وَالصّٰٓفّٰتِ | |
| وَلَا الضَّآلِّیْنَ | اَتُحَآجُّوْٓنِّیْ | وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ | غُثَآءً اَحْوٰی | ءٰٓالذَّكَرَیْنِ | | |
| جَآءَتِ الصَّآخَّةُ | مُدْهَآمَّتٰنِ | یٰبَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ | | | | |
| یٰٓاُولِی الْاَلْبَابِ | فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰی | | | | | |

# Lesson No. 18 — سبق نمبر 18

## حروف مقطعات

حروف مقطعات قرآن پاک کی بعض سورتوں کے شروع میں آتے ہیں ان حروف کو مفرد حروف کی طرح الگ الگ اس طرح پڑھیں کہ مدات کی مقدار پوری طرح ادا ہو نیز اخفاء و ادغام آنے کی صورت میں غنّہ بھی کریں۔

الٓمّٓ اللّٰہُ پڑھنے کے دو طریقے ہیں: (1) وصل (2) وقف

| | |
|---|---|
| 1 وصل | اَلِفْ لَآمْ مِّیْمَ اللّٰہُ |
| 2 وقف | اَلِفْ لَآمْ مِّیْمْ ۝ اَللّٰہُ |

الٓمّٓ — الٓمّٓصٓ — الٓرٰ

الٓمّٓرٰ — کٓهٰیٰعٓصٓ — طٰہٰ

طٰسٓمّٓ — طٰسٓ — یٰسٓ

صٓ — حٰمٓ — حٰمٓ عٓسٓقٓ

قٓ — نٓ

# Lesson No. 19 سبق نمبر 19

## وقف

1 وقف کے معنی ٹھہرے اور رُکنے کے ہیں یعنی جس کلمے پر وقف کریں تو اس کلمے کے آخری حرف پر آواز اور سانس دونوں کو ختم کر دیں۔

2 کلمے کے آخری حرف پر زبر، زیر، پیش، دوزبر، دوزیر، دوپیش، کھڑی زیر، الٹا پیش ہو تو اس حرف کو وقف میں ساکن کر دیں۔

3 کلمے کے آخری حرف پر دوزبر ہوں تو انہیں وقف میں الف سے بدل دیں۔

4 کلمے کے آخر میں گول تا "ۃ" پر خواہ کوئی بھی حرکت ہو یا تنوین ہو اسے وقف میں ھا ساکن "ھ" سے بدل دیں۔

5 کھڑا زبر، حروف مدہ اور ساکن حرف وقف میں تبدیل نہیں ہوتے۔

6 مشدد حرف پر وقف کی صورت میں تشدید باقی رکھیں مگر حرکت کو ظاہر نہ ہونے دیں۔

**تسہیل** تسہیل کے معنی ہیں نرمی کرنا یعنی دوسرے ہمزہ کو نرمی کے ساتھ پڑھیں۔

ءَاَعۡجَمِیٌّ وَّ عَرَبِیٌّ

**امالہ** زبر کو زیر کی طرح اور الف کو یا کی طرف مائل کر کے پڑھنے کو امالہ کہتے ہیں۔

امالہ کی ر کو اردو کے لفظ قطرے کی را کی طرح پڑھیں یعنی ری نہیں بلکہ رے پڑھیں۔

مَجۡرٖ ھَا

## علامات وقف کی تفصیل

| | |
|---|---|
| ە | یہ وقف تام اور آیت مکمل ہونے کی علامت ہے یہاں ٹھہرنا چاہیے۔ |

| | |
|---|---|
| م | یہ وقف لازم کی علامت ہے یہاں ضرور ٹھہرنا چاہیے۔ |
| ط | یہ وقف مطلق کی علامت یہاں ٹھہرنا بہتر ہے۔ |
| ج | یہ وقف جائز کی علامت ہے یہاں ٹھہرنا بہتر نہ ٹھہرنا جائز ہے۔ |
| ز | یہ وقف مجوّز کی علامت ہے یہاں ٹھہرنا جائز مگر نہ ٹھہرنا بہتر ہے۔ |
| ص | یہ وقف مرخص کی علامت ہے یہاں ملا کر پڑھنا چاہیے۔ |
| لا | اگر آیت کے اوپر لا لکھا ہو تو ٹھہرنے اور نہ ٹھہرنے میں اختلاف ہے۔ آیت کے علاوہ لا لکھا ہو تو نہ ٹھہریں۔ |
| صلے | وصل بہتر۔ |
| صل | یعنی ملا کر پڑھو اگر وقف کریں تو پیچھے سے لوٹائیں۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| صٰدِقِيْنَ۝<br>صٰدِقِيْنَ۝ | وَكِيْلٌ۝<br>وَكِيْلْ۝ | نٰدِمِيْنَ۝<br>نٰدِمِيْنْ۝ | مُسْتَقِيْمَ۝<br>مُسْتَقِيْمْ۝ |
| فِيْهِ ط<br>فِيْهْ ط | قَدِيْرًا ط<br>قَدِيْرَا | قَدِيْرٌ۝<br>قَدِيْرْ۝ | |
| اَمْرًا۝<br>اَمْرَا۝ | يَشَآءُ ط<br>يَشَآءْ ط | قُوَّةً ط<br>قُوَّةْ ط | شَيْءٍ ط<br>شَيْءْ ط |
| اَحَدٌ ج<br>اَحَدْ ج | دُعَآءِ۝<br>دُعَآءْ۝ | قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ط<br>قُلْ صَدَقَ اللّٰهْ وقف | |

# Lesson No. 20 سبق نمبر 20

## خاتمہ

1 بچوں کو یہ پانچ سورتیں ہجے اور رواں دونوں طریقوں سے پڑھائیں۔

2 ان صورتوں میں بھی پچھلے تمام اسباق کے قواعد اور حروف کی ادائیگی کا خاص خیال رکھیں۔

3 قاعدہ ختم ہونے کے بعد ایک دفعہ پورا قاعدہ سن لیں۔ اگر حروف یا حرکات کو صحیح طریقہ سے ادا نہ کر سکیں تو دوبارہ اچھی طرح سمجھائیں۔

4 بچوں کو قاعدہ ہجے اور رواں دونوں طرح خوب یاد ہونا چاہیے اگر قاعدہ یاد ہوا تو انشاءاللہ قرآن مجید پڑھتے وقت کوئی مشکل پیدا نہ ہوگی بچے خود پہچان کر کے پڑھیں گے۔ اس لیے اساتذہ کرام کو چاہیے کہ قاعدہ پڑھاتے وقت خوب محنت سے کام لیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو قرآن پاک تجوید و قرأت کے ساتھ پڑھنے اور پڑھانے کی توفیق عطا فرمائیں۔

**آمین ثم آمین**



بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۙ﴿﴾ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۙ﴿﴾
مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ؕ﴿﴾ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ؕ﴿﴾
اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۙ﴿﴾ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ
عَلَیۡہِمۡ ۬ۙ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَ لَا الضَّآلِّیۡنَ ٪﴿﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾ لَمۡ یَلِدۡ ۬ۙ وَ لَمۡ یُوۡلَدۡ ۙ﴿۳﴾
وَ لَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ٪﴿۴﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَ مِنۡ
شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَ مِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ۙ﴿۴﴾
وَ مِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ٪﴿۵﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ ۱ مَلِكِ النَّاسِ ۙ ۲ اِلٰهِ
النَّاسِ ۙ ۳ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ ۴ الَّذِیْ
یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ ۵ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۶ ع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ ۱ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ ۲
وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۚ ۳ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا
عَبَدْتُّمْ ۙ ۴ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ؕ ۵ لَكُمْ
دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۶ ع

# تَمَّتْ بِالْخَیْر

# خزینہ حیات

# تجوید

## کے متعلق مختلف

## سوال و جواب

# مفردات

**سوال 1** تجوید کی تعریف کریں؟

**جواب** ہر حرف کو اس کے مخرج سے نکالنا اور اسکی صفات کے ساتھ ادا کرنے کو تجوید کہتے ہیں۔

**سوال 2** مفردات کسے کہتے ہیں؟

**جواب** حروف تہجی کو ہی حروف مفردات کہتے ہیں اور ان کو الگ الگ پڑھیں گے۔

**سوال 3** حروف مفردات کتنے ہیں؟

**جواب** حروف مفردات اُنتیس ہیں۔

**سوال 4** موٹے حروف کتنے اور کون کون سے ہیں؟

**جواب** موٹے حروف سات ہیں یعنی خ، ص، ض، ط، ظ، غ، ق۔

**سوال 5** ہونٹوں سے ادا ہونے والے حروف کتنے اور کون کون سے ہیں؟

**جواب** ہونٹوں سے چار حروف ادا ہوتے ہیں یعنی ب، ف، م، و۔

**سوال 6** نرم حروف کتنے اور کون کون سے ہیں؟

**جواب** نرم حروف تین ہیں یعنی ث، ذ، ظ۔

**سوال 7** سیٹی والے حروف کتنے اور کون کون سے ہیں؟

**جواب** سیٹی والے حروف تین ہیں یعنی س، ز، ص۔

# مرکبات

**سوال 1** مرکبات کسے کہتے ہیں؟

**جواب** ملے جلے حروف کو مرکبات کہتے ہیں۔

**سوال 2** حروف حلقی کتنے اور کون کون سے ہیں؟

**جواب** حروف حلقی چھ ہیں یعنی: ء، ہ، ع، ح، غ، خ۔

**سوال 3** لحن جلی کسے کہتے ہیں؟

**جواب** لحن جلی بڑی غلطی کو کہتے ہیں۔

**سوال 4** لحن جلی کی کتنی قسمیں ہیں ہر ایک کی وضاحت کریں؟

**جواب** لحن جلی کی چار اقسام ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں:

1. ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف پڑھنا۔ **مثلاً:** قُلْ کو کُلْ پڑھنا۔
2. کسی حرف کو بڑھانا۔ **مثلاً:** قَالَ کو قَا لَا پڑھنا۔
3. کسی حرف کو گھٹانا۔ **مثلاً:** یُوْلَدْ کو یُلَدْ پڑھنا۔
4. زیر زبر پیش کو ایک دوسرے کی جگہ پر پڑھنا۔ **مثلاً:** اَنْعَمْتَ کو اَنْعَمْتُ پڑھنا۔

**نوٹ** لحن جلی حرام ہے۔ بعض دفعہ ایسی غلطی سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔

**سوال 5** لحن خفی کسے کہتے ہیں؟

**جواب** صفات مُحَسِّنَہ میں غلطی کرنے کو لحن خفی کہتے ہیں۔

**مثلاً:** موٹی را کو باریک پڑھنا۔ ت کو ط پڑھنا۔

**نوٹ** لحن خفی مکروہ ہے۔

## حرکات، تنوین، قریب الصوت

**سوال 1** حرکات کسے کہتے ہیں؟

**جواب** زبر، زیر، پیش کو حرکات کہتے ہیں۔ زبر ہمیشہ حرف کے اوپر ہوتا ہے۔ زیر ہمیشہ نیچے ہوتی ہے۔ پیش ہمیشہ حرف کے اوپر مڑا ہوا ہوتا ہے۔

**سوال 2** جس حرف پر زبر، زیر، پیش ہو اُسے کیا کہتے ہیں؟

**جواب** ایسے حرف کو متحرک کہتے ہیں۔

**سوال 3** حرکات کو کس طرح پڑھیں گے؟

**جواب** حرکات کو جلدی پڑھیں۔ بغیر کھینچے جھٹکا بالکل نہ دیں۔

**سوال 4** الف کے اوپر اگر حرکت آجائے تو اُسے کیا پڑھتے ہیں؟

**جواب** الف ہمیشہ خالی ہوتا ہے اور اگر حرکت آجائے تو اس الف کو "ہمزہ" پڑھتے ہیں۔

**سوال 5** حروف قریب الصوت کتنے اور کون کون سے ہیں؟

**جواب** حروف قریب الصوت سولہ ہیں: (ت،ط)(ز،ذ،ظ)(ث، س، ص)(ک،ق)
(ہ،ح)(ء،ع)۔

**سوال 6** تنوین کسے کہتے ہیں؟

**جواب** دو زبر، دو زیر اور دو پیش کو تنوین کہتے ہیں۔

## کھڑی حرکات، جزم

**سوال 1** کھڑی حرکات کسے کہتے ہیں؟

**جواب** کھڑی زبر، کھڑی زیر اُلٹے پیش کو کھڑی حرکات کہتے ہیں۔

**سوال 2** کھڑی حرکات کو کیسے پڑھتے ہیں؟

**جواب** کھڑی حرکات کو ایک الف یعنی دو حرکات کے برابر کھینچ کر پڑھتے ہیں۔

**سوال 3** جزم کی علامت کیسی ہے اور جس حرف پر جزم ہو اُسے کیا کہتے ہیں؟

**جواب** "ہ" اس علامت کو جزم کہتے ہیں۔ جس حرف پر جزم ہو اُسے ساکن کہتے ہیں۔

**سوال 4** جزم والے حرف کو کس طرح پڑھتے ہیں؟

**جواب** جزم والا حرف اپنے پہلے متحرک حرف سے ملا کر پڑھا جاتا ہے۔

# حروف مدہ ولین

**سوال 1** حروف مدّہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟

**جواب** حروف مدہ تین ہیں: ا۔و۔ی

**سوال 2** الف مدہ، واو مدہ اور یا مدہ کب ہوگا۔

**جواب** الف سے پہلے زبر ہو تو الف مدہ واو ساکن سے پہلے پیش ہو تو واو مدہ ی ساکن سے پہلے زیر ہو تو یا مدہ ہوگا۔

**سوال 3** حروف مدہ کو کیسے پڑھتے ہیں؟

**جواب** حروف مدہ کو ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھتے ہیں۔

**سوال 4** حروف لین کتنے اور کون کون سے ہیں؟

**جواب** حروف لین دو ہیں: 1: واو 2: یا

**سوال 5** حروف لین کو کس طرح پڑھتے ہیں؟

**جواب** حروف لین کو نرم آواز کے ساتھ بغیر کھینچے بغیر جھٹکا دیئے معروف پڑھتے ہیں۔

**سوال 6** واو لین اور یا لین کب ہوگا؟

**جواب** واو ساکن سے پہلے زبر ہو تو واو لین اور یا ساکن سے پہلے زیر ہو تو یا لین ہوگا۔

# ہمزہ ساکن اور حروف قلقلہ

**سوال 1** ہمزہ ساکنہ (أْ، ءْ) کو کیسے پڑھیں گے؟

**جواب** ہمزہ ساکنہ (أْ، ءْ) کو ہمیشہ جھٹکا دے کر پڑھیں گے۔

**سوال 2** قَلْقَلَہ کے کیا معنی ہیں؟

**جواب** قلقلہ کے معنی جنبش اور حرکت کے ہیں۔ یعنی ان حروف کے ادا ہوتے وقت ان کی آواز گیند کی طرح واپس لوٹے گی۔

**سوال 1** حروف قلقلہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟

**جواب** حروف قلقلہ پانچ ہیں (ق، ط، ب، ج، د)۔

**سوال 2** حروف قلقلہ کا مجموعہ کیا ہے۔

**جواب** "قُطُبُ جَدٍّ"

**سوال 3** حروف قلقلہ میں کب قلقلہ ہوگا۔

**جواب** جب حروف قلقلہ ساکن ہو تو ان پر قلقلہ ہوگا۔

**سوال 4** اگر قلقلہ حروف مشدّد ہوں تو انہیں کیسے پڑھیں گے؟

**جواب** جب قلقلہ حروف مشدّد ہو تو انہیں جماؤ کے ساتھ ادا کریں گے۔

## "را" کے قاعدے اور "سکتہ"

**سوال 1** را کو پُر پڑھنے کی صورتیں بتائیں؟

**جواب**
1. را پر زبر یا پیش ہو۔
2. را پر دو زبر یا دو پیش
3. را پر کھڑی زبر ہو
4. را ساکن سے پہلے حرف پر زبر یا پیش ہو۔
5. را ساکن سے پہلے عارضی زیر ہو۔
6. را ساکن سے پہلے زیر دوسرے کلمے میں ہو۔

**سوال 2** را کو باریک پڑھنے کی صورتیں بتائیں۔

**جواب**
1. را کے نیچے زیر یا دو زیر ہوں۔
2. را ساکن سے پہلے زیر اصلی اِسی کلمے میں ہو۔
3. را ساکن سے پہلے یائے ساکنہ ہو تو ان صورتوں میں را باریک پڑھیں گے۔

سوال 3 عارضی زیر کسے کہتے ہیں؟

جواب قرآن مجید میں بعض کلمات الف سے شروع ہوتے ہیں اور الف پر کوئی حرکت نہیں ہوتی الف پر جو بھی حرکت لگا کر پڑھیں گے وہ عارضی حرکت ہوگی۔

سوال 4 جواب اِرْجِعِیْ کے الف کے نیچے زیر عارضی ہے۔

سوال 5 سکتہ کسے کہتے ہیں۔

جواب آواز بند کر کے سانس توڑے بغیر تھوڑی دیر ٹھہر جانا سکتہ کہلاتا ہے۔

سوال 6 قرآن کریم میں کتنی جگہ سکتہ ہے؟

جواب چار جگہوں پر۔

## تشدید اور غنہ

سوال 1 تشدید کسے کہتے ہیں۔

جواب تین دندان والی اس ّ شکل کو تشدید کہتے ہیں۔

سوال 2 جس حرف پر تشدید ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

جواب مشدد کہتے ہیں۔

سوال 3 نون مشدد اور میم مشدد میں کیا ہوتا ہے؟

جواب نون مشدد اور میم مشدد میں ہمیشہ غنہ ہوگا۔

سوال 4 غُنّہ کسے کہتے ہیں اور اس کی تعداد کیا ہے؟

جواب ناک میں آواز لے جا کر پڑھنے کو غُنّہ کہتے ہیں غُنّہ کی مقدار ایک الف کے برابر ہے۔

سوال 5 مُشَدَّد حرف کو کس طرح پڑھیں گے؟

جواب مُشَدَّد حرف کو دو مرتبہ پڑھیں گے ایک مرتبہ اپنے سے پہلے والے متحرک حرف سے ملا کر اور دوسری مرتبہ خود اپنی حرکت کے مطابق ذرا رُک کر۔

# نون ساکن، میم ساکن، تنوین اور ادغام کے قاعدے

**سوال 1** ادغام کسے کہتے ہیں؟

**جواب** نون ساکن یا تنوین کے بعد حروف یرملون میں سے کوئی حرف آجائے تو ادغام ہو گا۔ "را" اور "ل" میں بغیر غنہ کے باقی چار حروف میں غنہ کے ساتھ۔

**سوال 2** حروف یرملون کتنے ہیں؟

**جواب** حروف یرملون چھ ہیں: ی، ر، م، ل، و، ن

**سوال 3** نون ساکن اور تنوین کے کتنے قاعدے ہیں؟

**جواب** نون ساکن اور تنوین کے چار قاعدے ہیں جو درج ذیل ہیں:

1. اظہار
2. اخفاء
3. اقلاب
4. ادغام

**سوال 4** اظہار کسے کہتے ہیں؟

**جواب** نون ساکن اور تنوین کے بعد حروف حلقی میں سے کوئی حرف آجائے تو اظہار ہو گا۔ یعنی نون ساکن اور تنوین کو بغیر غنّہ کے پڑھنے کو اظہار کہتے ہیں۔

**سوال 5** اقلاب کسے کہتے ہیں؟

**جواب** نون ساکن یا تنوین کے بعد اگر "با" آجائے خواہ ایک کلمے میں یا دو کلموں میں تو اس نون ساکن و تنوین کو میم سے بدل کر کے غنّہ کے ساتھ پڑھنے کو اقلاب کہتے ہیں۔

**سوال 6** اخفاء کسے کہتے ہیں؟

**جواب** نون ساکن اور تنوین کے بعد حروف اخفاء کے پندرہ حروف میں سے کوئی حرف آجائے تو نون ساکن اور تنوین میں غنّہ کر کے پڑھنے کو اخفاء کہتے ہیں۔

**سوال 7** میم ساکن کے کتنے قاعدے ہیں؟

**جواب** میم ساکن کے تین قاعدے ہیں:

1. ادغام شفوی
2. اخفائے شفوی
3. اظہار شفوی

**سوال 8** ادغام شفوی کسے کہتے ہیں؟

**جواب** میم ساکن کے بعد "میم" آجائے تو میم کو دوسرے میم سے ملا کر غُنّہ کر کے پڑھیں تو اسے ادغام شفوی کہتے ہیں۔

**سوال 9** اخفاء شفوی کسے کہتے ہیں؟

**جواب** میم ساکن کے بعد "با" آجائے تو میم ساکن کو غنّہ کر کے پڑھنے کو اخفاء شفوی کہتے ہیں۔

**سوال 10** اظہار شفوی کسے کہتے ہیں؟

**جواب** میم ساکن کے بعد "با" اور "میم" کے علاوہ کوئی اور حرف آئے تو میم ساکن کو بغیر غنہ کے جلدی پڑھنے کو اظہار شفوی کہتے ہیں۔

## نون قطنی اور لفظ اللہ کے لام کے قاعدے

**سوال 1** نون قُطنِیْ کسے کہتے ہیں؟

**جواب** قرآن کریم میں بعض جگہوں پر الف کے نیچے چھوٹا سا نون لکھا جاتا ہے اور اس نون کے نیچے ہمیشہ زیر ہوتی ہے۔ اس چھوٹے نون کو نون قطنی کہتے ہیں۔

**سوال 2** لفظ اللہ کے لام کو کب پُر اور کب باریک پڑھیں گے؟

**جواب** لفظ اللہ کے لام سے پہلے حرف پر زبر یا پیش ہو تو لفظ اللہ کے لام کو پُر پڑھیں گے اور لفظ اللہ کے لام سے پہلے حرف کے نیچے زیر ہو تو لفظ اللہ کے لام کو باریک پڑھیں گے۔

# مدات کے قاعدے

**سوال 1** مد کے کیا معنی ہیں؟

**جواب** مد کے معنی دراز کرنا اور کھینچنا ہے۔

**سوال 2** مد کے کتنے سبب ہیں؟

**جواب** مد کے دو (2) سبب ہیں: (1) ہمزہ (2) سُکُون

**سوال 3** مد کی کتنی اقسام ہیں؟

**جواب** مد کی چھ اقسام ہیں:

(1) مَدِّ مُتَّصِل (2) مَدِّ مُنفَصِل (3) مَدِّ لازم
(4) مَدِّ لین لازم (5) مَدِّ عارِض (6) مَدِّ لین عارض

**سوال 4** مَدِّ مُتَّصِل کسے کہتے ہیں؟

**جواب** حروف مدہ کے بعد ہمزہ اسی کلمے میں ہو تو اسے مَدِّ مُتَّصِل کہتے ہیں۔

**سوال 5** مَدِّ مُنفَصِل کسے کہتے ہیں؟

**جواب** حروف مدہ کے بعد ہمزہ دوسرے کلمے میں ہو تو اسے مَدِّ مُنفَصِل کہتے ہیں۔

**سوال 6** مَدِّ لازِم کسے کہتے ہیں؟

**جواب** حروف مدہ کے بعد سکون اصلی (ـۡ ، ـّ) ہو تو مد لازم ہوگا۔

**سوال 7** مَدِّ لین لازم کسے کہتے ہیں؟

**جواب** حروف لین کے بعد سکون اصلی (ـۡ ، ـّ) ہو تو مد لین لازم ہوتا ہے۔

**سوال 8** مَدِّ عارض کسے کہتے ہیں؟

**جواب** حروف مدہ کے بعد عارضی سکون ہو یعنی وقف کی وجہ سے کوئی حرف ساکن ہو جائے تو اسے مد عارض کہتے ہیں۔

# وقف اور علاماتِ وقف

**سوال 1** وقف کے کیا معنی ہیں؟

**جواب** وقف کے معنی ٹھہرنے اور رُکنے کے ہیں۔

**سوال 2** وقف کی حالت میں کلمے کے آخری حرف پر زبر، زیر، پیش، دوزبر یا دوپیش ہوتو کیا کریں گے؟

**جواب** تو اس حرف کو ساکن کردیں گے۔

**سوال 3** وقف کی حالت میں کلمے کے آخری حرف پر دوزبر کی تنوین ہو تو کیا کریں گے؟

**جواب** تنوین کے دوزبر ہو تو اسے الف سے بدل دیں گے۔

**سوال 4** وقف کی حالت میں گول تا "ۃ" ہو تو کیا کریں گے؟

**جواب** گول تا "ۃ" پر کوئی بھی حرکت ہو اُسے وقف میں ھا ساکن "ہ" سے بدل دیں گے۔

**سوال 5** گول دائرہ "ۃ" وقف کی کونسی علامت ہے اور اس پر کیا کرنا چاہیے۔

**جواب** یہ وقف تام اور آیت مکمل ہونے کی علامت ہے اس پر ٹھہرنا چاہیے۔

**سوال 6** "م" وقف کی کونسی علامت ہے اور اس پر کیا کرنا چاہیے؟

**جواب** یہ وقف لازم کی علامت ہے یہاں ضرور ٹھہرنا چاہیے۔

**سوال 7** "ط" وقف مطلق کی کونسی علامت ہے اور اس میں کیا کرنا چاہیے؟

**جواب** یہ وقف مطلق کی علامت ہے یہاں ٹھہرنا بہتر ہے۔

**سوال 8** "ج" وقف کی کونسی علامت ہے اور اس میں کیا کرنا چاہیے۔

**جواب** یہ وقف جائز کی علامت ہے یہاں ٹھہرنا بہتر اور نہ ٹھہرنا بھی جائز ہے۔

**سوال 9** "ز" وقف کی کونسی علامت ہے اور اس پر کیا کرن چاہیے؟

**جواب** یہ وقف مُجوّز کی علامت ہے یہاں ٹھہرنا جائز مگر نہ ٹھہرنا بہتر ہے۔

**سوال 10** "ص" وقف کی کونسی علامت ہے اور اس پر کیا کرنا چاہیے؟

**جواب** یہ وقف مُرخص کی علامت ہے یہاں ملا کر پڑھنا چاہیے۔

**سوال 11** "لا" یہ وقف کی کون سی علامت ہے اس پر کیا کرنا چاہیے؟

**جواب** اگر آیت کے اوپر لا "لا" لکھا ہو تو ٹھہرنے اور نہ ٹھہرنے میں اختلاف ہے۔ آیت کے علاوہ "لا" لکھا ہو تو نہ ٹھہریں۔

